۴۲۔ أَكْثَرُ مِنْ سے زیادہ، زیادہ تر عُمْرِي الْآنَ أَكْثَرُ مِنْ ۲۵ سَنَةً۔ لَا تَأْكُلْ أَكْثَرَ مِنَ الْحَاجَةِ۔ بَلَغْتُ مِنَ الْعُمْرِ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ سَنَةً۔ الْمُؤَيِّدُونَ لِلْقَرَارِ[3] أَكْثَرُ مِنَ الْمُعَارِضِينَ[4]۔ قَطَعْنَا الْمَسَافَةَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ فِي أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعِ سَاعَاتٍ۔ عَاشَ جَدِّي أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ عَامٍ۔

۴۳۔ مُكَوَّنٌ (مِنْ) سے بنا ہوا، پر مشتمل مَنْزِلُنَا مُكَوَّنٌ مِنْ طَابَقَيْنِ[5] وَفِي كُلِّ طَابَقٍ أَرْبَعُ حُجُرَاتٍ۔ هٰذِهِ الْعِمَارَةُ مُكَوَّنَةٌ مِنْ أَرْبَعَةِ طَوَابِقَ۔ وَفِي كُلِّ طَابَقٍ أَرْبَعُ شُقَقٍ[6] وَكُلُّ شُقَّةٍ مُكَوَّنَةٌ مِنْ حُجْرَتَيْنِ وَمَطْبَخٍ وَحَمَّامٍ۔

۴۴۔ مَمْلُوءٌ (بِ) سے پُر اَلسَّلَّةُ مَمْلُوءَةٌ بِالْفَوَاكِهِ وَالْخَضْرَوَاتِ۔ لَا يَزَالُ الْخَزَّانُ[7] مَمْلُوءًا بِالْمَاءِ۔ وَجَدْتُ إِنْشَاءَكَ مَمْلُوءًا بِالْأَخْطَاءِ النَّحْوِيَّةِ وَاللُّغَوِيَّةِ۔ اَلدُّنْيَا مَمْلُوءَةٌ بِالْعَجَائِبِ۔

۴۵۔ نَاجِحٌ (فِي) میں کامیاب جَمِيعُ الطُّلَّابِ نَاجِحُونَ فِي الْامْتِحَانِ۔ أَنْتَ نَاجِحٌ فِي تَرْبِيَةِ أَوْلَادِكَ بِفَضْلِ اللّٰهِ۔ وَلَعَلَّ الْمُدِيرَ نَاجِحٌ فِي سَعْيِهِ۔ لَعَلِّي رَاسِبٌ[8]؟ لَا، أَنْتَ مِنَ النَّاجِحِينَ فِي الْامْتِحَانِ۔

---

(۱) محلہ جمع حَارَاتٌ (۲) محلہ جمع أَحْيَاءٌ (۳) قرارداد جمع قَرَارَاتٌ (۴) مخالفت کرنے والے مخالف (۵) دومنزلیں طَابَقٌ منزل ج طَوَابِقُ (۶) شُقَّةٌ ج شُقَقٌ فلیٹ (۷) ٹینکی جمع خَزَّانَاتٌ (۸) فیل، ناکام جمع رَاسِبُونَ۔

۴۶۔ مُنَاسِبٌ (لِ) کے لئے مناسب، موزوں جَعَلَ اللّٰهُ الْاَرْضَ كَوْكَبًا[1] مُنَاسِبًا لِلْحَيَاةِ وَجَعَلَ دَرَجَةَ حَرَارَتِهَا مُنَاسِبَةً لِحَيَاةِ الْاِنْسَانِ وَ الْحَيَوَانِ وَالنَّبَاتِ. اُكْتُبْ عُنْوَانًا مُنَاسِبًا لِهٰذَا الدَّرْسِ. اَلتَّدْرِيْسُ وَالتَّمْرِيْضُ[2] وَالطِّبُّ مِهَنٌ[3] مُنَاسِبَةٌ لِلْمَرْأَةِ الْمُسْلِمَةِ. لَيْسَ الْوَقْتُ مُنَاسِبًا لِلْمُرَاجَعَةِ.

۴۷۔ وَاثِقٌ (مِنْ) سے مطمئن، پُراعتماد، سے پُرامید اَنَا وَاثِقٌ مِنْ نَجَاحِيْ. دَخَلَ الطُّلَّابُ الْاِمْتِحَانَ وَاثِقِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ. سَمِعْتُ هٰذَا الْخَبَرَ وَلٰكِنَّنِيْ لَسْتُ وَاثِقًا مِنْ صِحَّتِهٖ. لَمْ يَكُنِ السَّائِقُ وَاثِقًا مِنْ سَيَّارَتِهٖ. هَلْ اَنْتُمْ وَاثِقُوْنَ مِنْ صِحَّةِ هٰذَا الْخَبَرِ.

۴۸۔ وَاجِبٌ (عَلٰى) پر لازم، فرض تَبْلِيْغُ رِسَالَةِ الْاِسْلَامِ وَاجِبٌ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ. يَا وَلَدِيْ، اَلصِّيَامُ وَاجِبٌ عَلَيْكَ. لَا تَنْسَوْا اَنَّ احْتِرَامَ الْمُعَلِّمِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ طَالِبٍ. جَعَلَ الْاِسْلَامُ الرِّفْقَ بِالْحَيَوَانَاتِ وَاجِبًا عَلٰى كُلِّ اِنْسَانٍ. طَاعَةُ الزَّوْجِ وَاجِبَةٌ عَلَى الزَّوْجَةِ. طَلَبُ الْعِلْمِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ.

۴۹۔ مُوَظَّفٌ (فِيْ) میں ملازم صَدِيْقِيْ مُوَظَّفٌ فِيْ مَصْنَعِ وَرَقٍ[4]. اَيْنَ يَعْمَلُ وَالِدُكَ؟ وَالِدِيْ مُوَظَّفٌ فِيْ وَزَارَةِ الْخَارِجِيَّةِ. كَانَ خَالِيْ مُوَظَّفًا فِيْ مُؤَسَّسَةٍ[5] تِجَارِيَّةٍ. هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ مُوَظَّفُوْنَ فِيْ وَزَارَةِ التَّعْلِيْمِ الْمَرْكَزِيَّةِ.

۵۰۔ مُوْلَعٌ (بِ) پر فریفتہ، میں مگن هٰذَا الْوَلَدُ مُوْلَعٌ بِاللَّعِبِ. كَانَ ابْنُ بَطُّوْطَةَ مُوْلَعًا بِالْاَسْفَارِ وَالرِّحْلَاتِ. اَكْثَرُ الشَّبَابِ مُوْلَعُوْنَ بِسَمَاعِ الْاَغَانِيْ[6] وَغَافِلُوْنَ عَنِ الدِّيْنِ. اِذَا كَانَ الْحَاكِمُ مُوْلَعًا بِاللَّعِبِ وَاللَّهْوِ وَتَهَاوَنَ[7] فِيْ اُمُوْرِ الرَّعِيَّةِ يَعُمُّ الظُّلْمُ وَالْفَسَادُ.

۵۱۔ يَائِسٌ (مِنْ) سے مایوس اَ اَنْتَ يَائِسٌ مِنْ اِصْلَاحِهٖ؟ لَا، لَسْتُ يَائِسًا

(۱) ستارہ جمع كَوَاكِبُ (۲) نرسنگ، نرس کا پیشہ (۳) مِهْنَةٌ پیشہ جمع مِهَنٌ (۴) کاغذ کے کارخانے میں۔
(۵) ادارہ، کاروباری ادارہ۔ جمع مُؤَسَّسَاتٌ (۶) گانے مفرد اُغْنِيَةٌ (۷) غفلت کرے، لاپرواہی کرے۔

مِنْ ذٰلِكَ. أَصْبَحَ الطَّالِبُ الْمُهْمِلُ يَائِسًا مِنْ فَوْزِهِ. لَاتَكُوْنِيْ يَائِسَةً مِنْ شِفَاءِ وَلَدِكِ. لَسْنَا يَائِسِيْنَ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ.

تمرین ۱۱

۱- إِسْتَعْمِلْ كُلَّ تَعْبِيْرٍ مِنَ التَّعَابِيْرِ الْآتِيَةِ فِيْ جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:

مُصَابٌ بِ، ضَرُوْرِيٌّ لِ، مُضِرٌّ بِ، عَاجِزٌ عَنْ، مُسْتَعِدٌّ لِ، مُعَلَّقٌ عَلٰى، مُعَلَّقٌ بِ، عَائِدٌ مِنْ، عَائِدٌ إِلٰى، مَغْرُوْرٌ بِ، غَافِلٌ عَنْ غَنِيٌّ بِ، مُفِيْدٌ لِ، مُفِيْدٌ فِيْ، قَادِرٌ عَلٰى، قَادِمٌ مِنْ، قَرِيْبٌ مِنْ، أَقَلُّ مِنْ، مُقِيْمٌ فِيْ، أَكْثَرُ مِنْ، مُكَوَّنٌ مِنْ، مَمْلُوْءٌ بِ، نَاجِحٌ فِيْ، مُنَاسِبٌ لِ، وَاثِقٌ مِنْ، وَاجِبٌ عَلٰى، مُوَظَّفٌ فِيْ، مُوْلَعٌ بِ، يَائِسٌ مِنْ.

تمرین ۱۲

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

مَیں بخار میں مبتلا ہوں۔ والدہ کو زکام اور سر[۲] درد ہوا ہے۔ صحت کے لئے صفائی ضروری ہے۔ صحت کے لئے تازہ ہوا ضروری ہے۔ گندی ہوا صحت کے لئے نقصان دہ[۱] ہے۔ تمباکو نوشی صحت کے لئے بہت نقصان دہ ہے۔ وہ چلنے اور کام کرنے سے عاجز ہے۔ میں آج سفر سے عاجز ہوں۔ ہم سفر کے لئے تیار ہیں۔ وہ امتحان کے لئے تیار ہیں۔ چھتری[۳] دروازے کے پیچھے لٹکی ہوئی ہے۔ آپ کے کپڑے کھونٹی پر لٹکے ہوئے ہیں۔ ماں کا دل بچے میں اٹکا ہوا ہے۔ یہ بس سیالکوٹ سے واپس آرہی ہے۔ میں لاہور سے واپس آرہا ہوں۔ یہ ریل گاڑی اسلام آباد کو واپس جارہی ہے۔ ہم آج وطن واپس جارہے ہیں۔ تو اپنی دولت میں مغرور نہ ہو۔ میں اپنی طاقت میں مغرور نہیں ہوں۔ میں اپنی ذمہ داری سے غافل نہیں ہوں۔ ہم اس حقیقت سے

---

(۱) اپنی کامیابی (۲) اَلصُّدَاعُ (۳) اَلْمِظَلَّةُ.

غافل نہیں تھے۔ پاکستان افرادی(۱) طاقت سے مالا مال ہے۔ لائبریری کتابوں اور حوالہ جات(۲) سے پُر ہے۔ پیدل چلنا صحت کے لئے مفید ہے۔ ورزش صحت کے لئے ضروری اور مفید ہے۔ ٹیلیفون کاروبار میں بہت مفید ہے۔ چارٹ(۳) تعلیم میں مفید ہیں۔ بچہ اب کام کرنے پر قادر ہے۔ بیمار سفر پر قادر نہیں ہے۔

تمرین ۱۳

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

ہم لاہور سے آ رہے ہیں۔ یہ ریل گاڑی ملتان سے آ رہی ہے اور سیالکوٹ کو جا رہی ہے۔ کھیل کا میدان سکول سے قریب ہے۔ چڑیا گھر شہر سے قریب ہے۔ ایک گھنٹہ سے کم وقت رہ گیا ہے۔ میری عمر پندرہ سال سے کم ہے۔ میرا چچا اس محلے میں رہتا ہے۔ ہمارے استاد اس گلی(۴) میں رہتے ہیں۔ میری عمر بیس سال سے زیادہ ہے۔ اب آپ کی عمر چالیس سال سے زیادہ ہے۔ یہ عمارت دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ اور ہر منزل چار فلیٹوں پر مشتمل ہے ٹنکی پانی سے پُر ہے۔ تیرا مقالہ گرامر کی غلطیوں سے پُر ہے۔ فاطمہ امتحان میں کامیاب ہے۔ تمام طالبات امتحان میں کامیاب ہیں۔ تدریس میرے لئے مناسب ہے۔ یہ کام آپ کے لئے موزوں ہے۔ یہ جوتا آپ کے لئے موزوں ہے۔ میں آپ کی کامیابی کا یقین رکھتا ہوں۔ وہ اپنی کامیابی کے بارے میں پُر اعتماد ہے۔ استاد کا ادب ہر طالب علم پر لازم ہے۔ علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے۔ میرے والد وزارتِ صحت میں ملازم ہیں اور میرا بھائی میونسپل کمیٹی(۵) میں ملازم ہے۔ تو کھیل کود میں مگن ہے اور امتحان قریب ہے۔ اکثر نوجوان تعلیم سے غافل اور فضول باتوں میں مگن ہیں۔ سست طالب علم اپنی کامیابی سے مایوس ہے۔ میں اپنی کامیابی سے مایوس نہیں ہوں۔

---

(۱) اَلْأَيْدِي الْعَامِلَةُ (۲) اَلْمَرَاجِعُ م مَرْجِعٌ (۳) لَوْحَاتٌ (۴) اَلشَّارِعُ (۵) اَلْبَلَدِيَّةُ۔

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

(۱) أَفْعَالٌ لَازِمَةٌ

آپ نحو کی کتابوں میں پڑھ چکے ہیں کہ عربی زبان میں فعل دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک لازم اور دوسرا متعدّی۔

لازم وہ فعل ہے جس کا اثر صرف اپنے فاعل تک محدود رہتا ہے۔ کیونکہ اس کا مفہوم اور معنی اپنے فاعل کے ساتھ مل کر پورا ادا ہو جاتا ہے۔

متعدی وہ فعل ہے جس کا عمل یا اثر اس کے فاعل کے علاوہ مفعول بہ پر بھی واقع ہوتا ہے کیونکہ مفعول بہ کو بیان کئے بغیر اس کا پورا مفہوم واضح نہیں ہوتا۔

یہاں ہم چند ایسے لازم افعال کا تعارف لکھ رہے ہیں جو عربی زبان میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کا سمجھنا ضروری ہے۔

۱۔ تَأَخَّرَ يَتَأَخَّرُ تَأَخُّرًا لیٹ ہونا، دیر ہونا قَدْ تَأَخَّرْتُ الْيَوْمَ كَثِيْرًا۔ تَأَخَّرَ وُصُوْلُ الطَّائِرَةِ۔ تَأَخَّرَتْ حَافِلَةُ الْجَامِعَةِ الْيَوْمَ نِصْفَ سَاعَةٍ۔ لِمَاذَا تَأَخَّرْتُمُ الْيَوْمَ؟ تَعَطَّلَتْ(۱) حَافِلَةُ الْمَدْرَسَةِ الْيَوْمَ فِي الطَّرِيْقِ، فَتَأَخَّرْنَا هُنَاكَ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ دَقِيْقَةً، ثُمَّ مَشَيْنَا نِصْفَ كِيْلُوْمِتْرٍ۔

۲۔ اِبْتَدَأَ يَبْتَدِئُ اِبْتِدَاءً شروع ہوتا، آغاز ہونا اِبْتَدَأَتِ الْحِصَّةُ(۲) الْأُوْلَى۔ مَتَى تَبْتَدِئُ الْحِصَّةُ الْخَامِسَةُ؟ سَتَبْتَدِئُ بَعْدَ قَلِيْلٍ۔ مَتَى تَبْتَدِئُ الْمُبَارَاةُ(۳)؟ سَتَبْتَدِئُ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ وَالنِّصْفِ۔ اِبْتَدَأَ الْمَعْرِضُ(۴) فِي ۲۲ رَجَبٍ وَانْتَهَى فِي أَوَّلِ شَعْبَانَ۔ اِبْتَدَأَ الْعَمَلُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ۔

۳۔ حَدَثَ يَحْدُثُ حُدُوْثًا ہونا، واقع ہونا حَدَثَ حَرِيْقٌ(۵) فِي مَعْمَلِ(۶) الْعُلُوْمِ بِالْمَدْرَسَةِ الثَّانَوِيَّةِ(۷) الْحُكُوْمِيَّةِ۔ كَيْفَ حَدَثَ الْحَرِيْقُ؟ مَاذَا حَدَثَ؟ وَقَعَ حَادِثٌ(۸) شَدِيْدٌ۔ مَتَى حَدَثَ؟ حَدَثَ قَبْلَ نِصْفِ سَاعَةٍ۔

---

(۱) خراب ہوگئی (۲) پیریڈ، گھنٹہ جمع حِصَصٌ (۳) میچ جمع مُبَارَيَاتٌ (۴) نمائش جمع مَعَارِضُ
(۵) آتشزدگی (۶) مَعْمَلٌ لیبارٹری جمع مَعَامِلُ، اَلْعُلُوْمُ سائنس مَعْمَلُ الْعُلُوْمِ سائنس لیبارٹری (۷) گورنمنٹ ہائی سکول (۸) حادثہ جمع حَوَادِثُ۔

٤۔ تَحَرَّكَ يَتَحَرَّكُ تَحَرُّكًا حرکت میں آنا، چلنا، روانہ ہونا لَقَدْ تَحَرَّكَ الْقِطَارُ! أَسْرِعْ يَا رَجُلُ، لَقَدْ تَحَرَّكَتِ الْحَافِلَةُ. تَحَرَّكَتِ الْمُظَاهَرَةُ نَحْوَ[1] الْمَصْنَعِ. لَقَدْ تَحَرَّكَ الْقِطَارُ الْآنَ بِسُرْعَةٍ.

٥۔ حَانَ يَحِينُ حَيْنًا وقت ہونا حَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ. لَقَدْ حَانَ وَقْتُ الظُّهْرِ. أَحَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ؟ لَا، لَمْ يَحِنْ[2] وَقْتُ الصَّلَاةِ بَعْدُ. قَدْ حَانَ مَوْعِدُ الْمُبَارَاةِ. أَسْرِعِي يَا خَدِيجَةُ، فَإِنَّ وَقْتَ دُخُولِ الْمَدْرَسَةِ قَدْ حَانَ. حَانَ وَقْتُ الرِّحْلَةِ.

٦۔ رَنَّ يَرِنُّ رَنِينًا (گھنٹی وغیرہ کا) بجنا، گونجنا رَنَّ الْجَرَسُ. قَدْ رَنَّ جَرَسُ الْمَدْرَسَةِ. أَرَنَّ الْجَرَسُ؟ نَعَمْ. مَتَى؟ رَنَّ قَبْلَ قَلِيلٍ. اُنْظُرْ، قَدْ رَنَّ جَرَسُ الْهَاتِفِ. رَنَّ الْجَرَسُ وَابْتَدَأَتِ الْحِصَّةُ الثَّالِثَةُ. اَلْآنَ يَرِنُّ الْجَرَسُ! يَرِنُّ الْجَرَسُ وَيَخْرُجُ الْمُدَرِّسُ. رَنَّ جَرَسُ الْهَاتِفِ.

٧۔ سَقَطَ يَسْقُطُ سُقُوطًا گرنا، بارش کا ہونا سَقَطَتِ الْكَأْسُ مِنْ يَدِي وَانْكَسَرَتْ، أَأَنْتِ كَسَرْتِ هٰذَا الْفِنْجَانَ يَا حَامِدَةُ؟ لَا، يَا أُمِّي! سَقَطَ مِنْ يَدِ الْوَالِدِ فَانْكَسَرَ. تَسْقُطُ الْأَمْطَارُ فِي هٰذِهِ الْمِنْطَقَةِ[3] كَثِيرًا. لَمْ يَسْقُطِ الْمَطَرُ مُنْذُ ثَلَاثَةِ شُهُورٍ. أَيْنَ مِنْدِيلُكَ؟ لَعَلَّهُ سَقَطَ فِي الطَّرِيقِ وَضَاعَ[4].

٨۔ ضَحِكَ يَضْحَكُ ضَحِكًا ہنسنا لَا يَضْحَكُ أَحَدٌ فِي أَثْنَاءِ[5] الدَّرْسِ. ضَحِكَ خَالِدٌ فِي الدَّرْسِ، فَوَبَّخَهُ[6] الْمُدَرِّسُ، وَقَالَ لَهُ: لَا تَضْحَكْ. لِمَاذَا تَضْحَكِينَ يَا سَلْمَى؟ عَفْوًا يَا أُسْتَاذَةُ. لَا تَضْحَكْنَ فِي الْفَصْلِ.

٩۔ ضَاعَ يَضِيعُ ضَيَاعًا گم ہونا، ضائع ہونا، کھو جانا۔ ضَاعَتْ سَاعَتِي الْيَوْمَ. أَيْنَ ضَاعَتْ يَا أَخِي؟ لَا أَدْرِي أَيْنَ ضَاعَتْ؟ بَحَثْتُ عَنْهَا فِي الْمَنْزِلِ، فَلَمْ أَجِدْهَا. أَرِنِي سَاعَتَكَ يَا صَدِيقِي. لَيْسَتْ عِنْدِي

---

(۱) کی طرف (۲) ابھی نہیں ہوا (۳) علاقہ جمع مَنَاطِقُ (٤) گم ہو گیا، کھو گیا (٥) دوران (٦) اُسے ڈانٹا۔

سَاعَتِي يَا أَخِي. إِنَّهَا ضَاعَتْ مِنِّي أَمْسِ. أَيْنَ ضَاعَتْ؟ لَا أَدْرِي.
بَحَثْتُ[1] عَنْهَا فِي كُلِّ مَكَانٍ وَلَمْ أَجِدْهَا.

١٠۔ تَعَطَّلَ يَتَعَطَّلُ تَعَطُّلًا خراب ہونا، میں خرابی پیدا ہونا تَعَطَّلَتْ حَافِلَةُ الْجَامِعَةِ فِي الطَّرِيقِ الْيَوْمَ، فَكَيْفَ وَصَلْتُمْ؟ نَزَلْنَا مِنْهَا وَأَصْلَحَهَا[2] السَّائِقُ، وَسَارَتْ بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ. إِنْفَجَرَتْ[3] إِحْدَى عَجَلَاتِ[4] الْحَافِلَةِ وَتَعَطَّلَتْ.

تمرین ١٤

إِسْتَعْمِلْ كُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْأَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:
تَأَخَّرَ، اِبْتَدَأَ، حَدَثَ، تَحَرَّكَ، خَانَ، رَنَّ، سَقَطَ، ضَحِكَ، ضَاعَ، تَعَطَّلَ.

تمرین ١٥

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

ہم آج لیٹ ہوگئے ہیں. میں آج آدھا گھنٹہ لیٹ ہوگیا ہوں. نمائش ٢٥ مارچ کو شروع ہوگی اور ٦ اپریل کو ختم ہوگی. پہلا پیریڈ شروع ہوگیا ہے. میچ کب شروع ہوگا؟ ساڑھے تین بجے شروع ہوگا. کیا ہوا ہے؟ ٹریفک کا حادثہ[5] ہوا ہے. یہ کب ہوا ہے؟ ایک گھنٹہ پہلے ہوا ہے. خالد جلدی کرو، گاڑی چل پڑی ہے! جلدی آؤ بس ابھی نہیں چلی. سفر کا وقت ہوگیا ہے. کیا نماز کا وقت ہوگیا ہے؟ نہیں، نماز کا وقت ابھی نہیں ہوا. ٹیلیفون کی گھنٹی بج رہی ہے! میں پانچواں پیریڈ شروع ہونے کے بعد[6] پہنچا ہوں. سردی شروع ہوگئی ہے! آج موسلادھار[7] بارش ہوئی ہے. سبق کے دوران مت ہنسو! تم کیوں ہنس رہے ہو؟ آپ کا نیا قلم کہاں ہے؟ افسوس[8]! وہ گم ہوگیا ہے. میری گھڑی گم ہوگئی ہے. کہاں گم ہوئی ہے؟ شاید وہ کالج میں کھوگئی ہے. میں کل اسے تلاش[9] کروں گا.

---

(١) میں نے اسے تلاش کیا ہے (٢) اسے ٹھیک کردیا (٣) پھٹ گیا (٤) عَجَلَةٌ پہیہ ج عَجَلَاتٌ (٥) ٹریفک کا حادثہ حَادِثُ مُرُورٍ (٦) بَعْدَ مَا (٧) غَزِيرٌ (٨) لِلْأَسَفِ (٩) سَأَبْحَثُ عَنْهَا.

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ

أَفْعَالٌ لَازِمَةٌ (٢)

١١- غَابَ يَغِيبُ غِيَابًا غیر حاضر ہونا لِمَاذَا غِبْتَ أَمْسِ يَا عُثْمَانُ؟ كُنْتُ مَرِيضًا أَمْسِ. إِنَّكَ تَغِيبُ كَثِيرًا. أَنَا آسِفٌ، يَا أُسْتَاذُ. مَا أَغِيبُ إِلَّا بِعُذْرٍ. لَا يَنْبَغِي لِطَالِبٍ أَنْ يَغِيبَ كَثِيرًا. لَنْ أَغِيبَ بَعْدَ هٰذَا، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. غَابَتْ مَحْمُودَةُ يَوْمَيْنِ: السَّبْتَ وَالْأَحَدَ.

١٢- اِقْتَرَبَ يَقْتَرِبُ اِقْتِرَابًا قریب ہونا، نزدیک ہونا اِقْتَرَبَ الْاِمْتِحَانُ. اِجْتَهِدُوا يَا إِخْوَانُ، فَقَدِ اقْتَرَبَ الْاِمْتِحَانُ النِّهَائِيُّ(١). اِقْتَرَبَ الْعِيدُ وَازْدَحَمَتِ الْأَسْوَاقُ بِالنَّاسِ. اِقْتَرَبَ الْاِمْتِحَانُ النِّهَائِيُّ وَانْتَهَى عَهْدُ النَّوْمِ وَالرَّاحَةِ. لَمَّا اقْتَرَبَتْ مَدِينَةُ لَاهُورَ خَفَّفَ(٢) السَّائِقُ سُرْعَةَ(٣) الْقِطَارِ.

١٣- اِنْقَطَعَ يَنْقَطِعُ اِنْقِطَاعًا بند ہونا، رُک جانا اِنْقَطَعَتِ الْكَهْرَبَاءُ فَتَوَقَّفَ(٤) الْعَمَلُ فِي الْمَصْنَعِ. أَرَى أَنَّ الْمَطَرَ سَيَنْقَطِعُ بَعْدَ قَلِيلٍ. قَدِ انْقَطَعَ الْمَطَرُ الْآنَ. لَمْ يَنْقَطِعِ الْمَطَرُ إِلَى الْآنَ. أَعْلَنَتْ شَرِكَةُ(٥) الْكَهْرَبَاءِ أَنَّ الْكَهْرَبَاءَ سَتَنْقَطِعُ فِي حَيِّنَا غَدًا.

١٤- اِنْقَلَبَ يَنْقَلِبُ اِنْقِلَابًا الٹ جانا اِنْقَلَبَتْ شَاحِنَةٌ فِي الطَّرِيقِ فَتَوَقَّفَ الْمُرُورُ(٦). اِنْقَلَبَتْ سَيَّارَةُ حَامِدٍ وَكَادَ يَمُوتُ. اِنْقَلَبَتْ هٰذِهِ الْحَافِلَةُ قَبْلَ قَلِيلٍ وَجُرِحَ ثَلَاثَةٌ مِنْ رُكَّابِهَا(٧) وَسَلِمَ الْآخَرُونَ. اِنْتَبِهْ(٨) يَا سَائِقُ، كَادَتِ الْحَافِلَةُ تَنْقَلِبُ!

١٥- كَبِرَ يَكْبَرُ كِبَرًا بڑا ہونا قَدْ كَبِرَ الْوَلَدُ. مَتَى أَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ يَا أُمِّي؟ لَمَّا تَكْبَرُ يَا جَمِيلُ. اُنْظُرِي يَا أُمِّي، قَدْ كَبِرْتُ الْآنَ! لَا يَا حَبِيبِي، سَتَكْبَرُ بَعْدَ سَنَةٍ، وَتَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

---

(١) آخری (٢) ہلکی کردی (٣) رفتار (٤) رُک گیا (٥) الیکٹرک کمپنی، شَرِكَةٌ ج شَرِكَاتٌ (٦) ٹریفک

(٧) سواریاں مفرد رَاكِبٌ (٨) چوکنے رہو، خبردار رہو۔

لَقَدْ كَبِرْتِ يَا فَاطِمَةُ؟ نَعَمْ يَا عَمِّيْ، عُمْرِيَ الْآنَ تِسْعَ عَشْرَةَ سَنَةً.

١٦- اِنْكَسَرَ يَنْكَسِرُ اِنْكِسَارًا ٹوٹنا، ٹوٹ جانا سَقَطَ فِنْجَانٌ فَانْكَسَرَ. مَنْ كَسَرَ هٰذِهِ الصِّيْنِيَّةَ[1] يَا أَوْلَادُ؟ مَا كَسَرْنَاهَا يَا أُمِّيْ، أَرَادَ مَحْمُوْدٌ حَمْلَهَا فَسَقَطَتْ مِنْ يَدِهٖ وَانْكَسَرَتْ. عَفْوًا[2] يَا أُمِّيْ لَقَدْ سَقَطَتِ الْقِدْرُ[3] مِنْ يَدِيْ وَانْكَسَرَتْ. لَا بَأْسَ[4] عَلَيْكِ يَا بِنْتِيْ.

١٧- مَرَّ يَمُرُّ مُرُوْرًا گذرنا، بیت جانا مَرَّتِ السَّنَةُ بِسُرْعَةٍ. تَمُرُّ الْمَنَاظِرُ الْمُعْجِبَةُ[5] أَمَامَ عُيُوْنِنَا بِسُرْعَةٍ. تَمُرُّ أَيَّامُ السُّرُوْرِ بِسُرْعَةٍ. مَرَّ الْقِطَارُ بِالْمَحَطَّةِ[6] وَلَمْ يَتَوَقَّفْ.

١٨- اِسْتَمَرَّ يَسْتَمِرُّ اِسْتِمْرَارًا جاری رہنا اِسْتَمَرَّ الْاِجْتِمَاعُ سَاعَتَيْنِ. أَيْنَ عَمِيْدُ[7] الْكُلِّيَّةِ يَا أَخِيْ؟ هُوَ فِي اجْتِمَاعٍ مَعَ الْمُدَرِّسِيْنَ. كَمْ يَسْتَمِرُّ الْاِجْتِمَاعُ؟ يَسْتَمِرُّ الْاِجْتِمَاعُ حَتّٰى صَلَاةِ الظُّهْرِ. اِسْتَمَرَّتِ الْمُبَارَاةُ سَاعَةً وَعَشْرَ دَقَائِقَ. يَسْتَمِرُّ الْعَمَلُ فِي الْوَرْشَةِ الْيَوْمَ حَتّٰى مُنْتَصَفِ[8] اللَّيْلِ.

١٩- اِنْتَهٰى يَنْتَهِيْ اِنْتِهَاءً ختم ہونا اِنْتَهَى الْوَقْتُ. قَدِ انْتَهَى الْجُزْءُ الْأَوَّلُ، وَمَتٰى نَبْدَأُ الْجُزْءَ الثَّانِيَ؟ اِنْتَهَتِ الْمُبَارَاةُ فِي السَّاعَةِ السَّادِسَةِ تَمَامًا. أَوْشَكَ الدَّرْسُ أَنْ يَنْتَهِيَ. يَا فَرِيْدُ قَدِ انْتَهَتِ الْحِصَّةُ، فَدُقَّ[9] الْجَرَسَ بِسُرْعَةٍ. اِنْتَهَتِ الْحِصَصُ كُلُّهَا الْآنَ.

٢٠- وَقَفَ يَقِفُ وُقُوْفًا رکنا، ٹھہرنا، کھڑا ہونا يَا سَائِقُ قِفْ هُنَا. قِفْ حَتّٰى يُضِيْءَ النُّوْرُ الْأَخْضَرُ[10]. قِفْ هُنَا يَا أَخِيْ نَقْرَأُ هٰذَا الْإِعْلَانَ الْجَدِيْدَ. قِفِيْ هُنَا يَا خَوْلَةُ لِتَلْحَقَ[11] بِنَا زَيْنَبُ. قَالَ الْمُدَرِّسُ: يَقِفُ كُلُّ طَالِبٍ لَمْ يَحْفَظْ دَرْسَهُ.

٢١- تَوَقَّفَ يَتَوَقَّفُ تَوَقُّفًا رکنا، رک جانا، ٹھہرنا لَقَدْ تَوَقَّفَ الْمَطَرُ الْآنَ. قَدْ

---

(١) صِيْنِيَّةٌ ج صِيْنِيَّاتٌ ٹرے، طشت (٢) معاف کرنا (٣) ہنڈیا۔ ج قُدُوْرٌ (٤) کوئی بات نہیں (٥) دلچسپ (٦) اسٹیشن جمع مَحَطَّاتٌ (٧) پرنسپل جمع عُمَدَاءُ (٨) نصف شب (٩) بجا دو۔ (١٠) سبز بتی (١١) ہمارے ساتھ شامل ہو جائے، آملے۔

تَوَقَّفَتِ الحَافِلَةُ الآنَ. اَسْرِعُوا! قَدْ تَوَقَّفَ القِطَارُ. لَقَدْ تَوَقَّفَ القِطَارُ. فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ اَنْ يَشْتَرِيَ شَيْئًا، فَلْيَشْتَرِ الآنَ. تَوَقَّفَتِ الحَافِلَةُ، فَنَزَلَ مِنْهَا رُكَّابٌ[1] وَبَقِيَ الآخَرُونَ[2] فِيهَا.

تمرین ١٦

اِسْتَعْمِلْ كُلَّ فِعْلٍ مِنَ الأَفْعَالِ الآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ:

غَابَ، اِقْتَرَبَ، اِنْقَطَعَ، اِنْقَلَبَ، كَبِرَ، اِنْكَسَرَ، مَرَّ، اِسْتَمَرَّ، اِنْتَهٰى، وَقَفَ، تَوَقَّفَ.

تمرین ١٧

تَرْجِمِ الجُمَلَ الآتِيَةَ اِلَى اللُّغَةِ العَرَبِيَّةِ:

خدیجہ! تم کل غیر حاضر کیوں تھی؟ میری والدہ بیمار تھیں، میں ان کی مدد[3] کر رہی تھی۔ عدنان! تم بہت غیر حاضر رہتے ہو؟ جناب! میں بیمار تھا، آئندہ[4] غیر حاضر نہ ہوں گا اِن شاء اللہ۔ عید قریب آگئی ہے۔ خالدہ محنت کر لو! امتحان قریب آگیا ہے۔ اب بارش تھم گئی ہے، آؤ چلیں[5]۔ بجلی کب بند ہوئی؟ ابھی بند ہوئی ہے۔ یہ ٹرک کل الٹ گیا تھا۔ موٹر سائیکل الٹ گئی اور اس کا سوار شدید زخمی ہوگیا۔ وہ اب کہاں ہے؟ سول ہسپتال[6] پہنچا دیا گیا ہے۔ فاطمہ اب بڑی ہوگئی ہے۔ اس کی عمر ١٢ سال ہے۔ ہمارا لڑکا اب بڑا ہوگیا ہے۔ امّی! یہ پیالی میرے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گئی ہے۔ میرا جوتا ٹوٹ گیا ہے۔ مجھے نیا جوتا خرید کر لادیں[7]۔ خالد یہاں کھڑکی پر آؤ اور دیکھو مناظر کیسے تیزی سے گذر رہے ہیں۔ سال جلدی بیت گیا۔ آج کام آدھی رات تک جاری رہا۔ میٹنگ ٣ گھنٹے جاری رہی۔ پہلا پیریڈ ختم ہوگیا ہے۔ وقت ختم ہوگیا، گھنٹی بجادو۔ نبیلہ یہاں رک جاؤ۔ سرخ بتی جلی تو تمام گاڑیاں رک گئیں۔ کیا گاڑی رک گئی ہے؟ ہاں! گاڑی رک گئی ہے۔

---

(١) کچھ سواریاں، مفرد رَاكِبٌ (٢) دوسرے مفرد آخَرُ (٣) كُنْتُ أُسَاعِدُهَا. (٤) بَعْدَ هٰذَا (٥) تَعَالَ نَمْشِ (٦) اَلْمُسْتَشْفَى الْمَدَنِيُّ (٧) اِشْتَرِ لِيْ.

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ

(۱) أَفْعَالٌ مُتَعَدِّيَةٌ إِلٰى مَفْعُوْلٍ وَاحِدٍ

آپ جانتے ہیں کہ فعلِ مُتَعَدِّی کا عمل یا اثر اس کے فاعل تک محدود نہیں رہتا، بلکہ مَفْعُوْل بِہٖ پر بھی واقع ہوتا ہے۔ اس لئے مَفْعُوْل بِہٖ کو ذکر کئے بغیر اس کا مفہوم پوری طرح ادا نہیں ہوتا۔ مثلاً اَخَذَتْ مَحْمُوْدَةُ الْجَائِزَةَ (محمودہ نے انعام لیا) ایک پورا جملہ ہے اس میں اَخَذَتْ فعل متعدی ہے۔ مَحْمُوْدَةُ اس کا فاعلِ مرفوع، اور الْجَائِزَةَ اسم کا مَفْعُوْل بِہٖ منصوب ہے۔ اس جملے کا مفہوم پوری طرح واضح ہے۔ لیکن اگر آپ اَخَذَتْ مَحْمُوْدَةُ کہہ کر خاموش ہو جائیں تو بات ادھوری رہے گی، اور سننے والے کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوگا کہ محمودہ نے کیا لیا؟ قلم، دوات، یا کچھ اور؟ یہ تشنگی الْجَائِزَةَ (مفعول بہ) کے ذکر کر دینے سے دور ہو جائے گی۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ متعدی فعل کے لئے فاعل کے لئے کے علاوہ مفعول بہ کا ذکر کرنا کتنا ضروری ہے!

یہاں یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ متعدی افعال کی تین قسمیں ہیں:۔

۱۔ اَلْأَفْعَالُ الْمُتَعَدِّيَةُ إِلٰى مَفْعُوْلٍ وَاحِدٍ (وہ افعال جو صرف ایک مفعول بہ تک متعدی ہوتے ہیں)

۲۔ اَلْأَفْعَالُ الْمُتَعَدِّيَةُ إِلٰى مَفْعُوْلَيْنِ (وہ افعال جو دو مفعول بہ تک متعدی ہوتے ہیں)۔

۳۔ اَلْأَفْعَالُ الْمُتَعَدِّيَةُ إِلٰى ثَلَاثَةِ مَفَاعِيْلَ (وہ افعال جو تین مفعول بہ تک متعدی ہوتے ہیں)۔

ان اسباق میں ہم پہلی اور دوسری قسم کے ایسے مشہور متعدی افعال اور ان کے استعمالات کا تعارف کرائیں گے جو عربی زبان میں بہت کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ تیسری قسم کے متعدی افعال چونکہ شاذ و نادر ہی استعمال ہوتے ہیں۔ اس لئے ہم نے ان کا تذکرہ نہیں کیا۔ ضرورت ہو تو آپ ان کا تعارف نحو کی کتابوں میں دیکھ لیجئے۔

(١) أَفْعَالٌ مُتَعَدِّيَةٌ إِلٰى مَفْعُولٍ وَاحِدٍ

١- أَخَذَ يَأْخُذُ أَخْذًا پکڑنا، لینا مَاذَا كَانَتِ النَّتِيجَةُ يَا خَالِدُ؟ نَجَحْتُ يَا أَبِي بِتَقْدِيرٍ[1] مُمْتَازٍ[2] وَ أَخَذْتُ الْجَائِزَةَ الْأُولٰى. وَمَا نَتِيجَةُ أُخْتِكَ خَالِدَةَ؟ هِيَ الثَّانِيَةُ فِي صَفِّهَا وَأَخَذَتِ الْجَائِزَةَ الثَّانِيَةَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ. خُذِ السَّمَّاعَةَ وَاسْمَعِ الْهَاتِفَ. قَامَ الْمُعَلِّمُ وَ أَخَذَ الطَّبَاشِيرَ[3]. خُذْ رِسَالَتَكَ[4] يَا مُحَمَّدُ. لَا يَأْخُذْ أَحَدٌ الصُّحُفَ وَ الْمَجَلَّاتِ خَارِجَ الْمَكْتَبَةِ.

٢- أَدَّى يُؤَدِّي تَأْدِيَةً وَأَدَاءً ادا کرنا، انجام دینا يُؤَدِّي الْوَالِدُ صَلَوَاتِهِ فِي الْمَسْجِدِ. يُؤَدِّي الْمُعَلِّمُ وَاجِبَهُ. يَجِبُ أَنْ يُؤَدِّيَ كُلٌّ مُوَاطِنٍ وَاجِبَهُ عَلٰى أَحْسَنِ وَجْهٍ. يُؤَدِّي الطُّلَّابُ وَ الْمُدَرِّسُونَ صَلَاةَ الظُّهْرِ فِي الْجَامِعَةِ. أَيْنَ أَدَّيْتَ صَلَاةَ الْفَجْرِ الْيَوْمَ؟ أَدَّيْتُهَا فِي الطَّرِيقِ[5].

٣- بَدَأَ يَبْدَأُ بَدْأً شروع کرنا سَنَبْدَأُ الدَّرْسَ الْجَدِيدَ فِي الْحِصَّةِ الْقَادِمَةِ. وَمَتٰى نَبْدَأُ الْجُزْءَ الثَّانِيَ؟ سَنَبْدَأُهُ يَوْمَ السَّبْتِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. مَتٰى تَبْدَأُونَ إِصْلَاحَ[6] سَيَّارَتِنَا؟ قَدْ بَدَأْنَا إِصْلَاحَهَا فِعْلًا[7]. فِي أَيِّ سَاعَةٍ تَبْدَأُ إِذَاعَةُ بَاكِسْتَانَ بَرَامِجَهَا[8] فِي الصَّبَاحِ؟ تَبْدَأُ إِذَاعَةُ بَاكِسْتَانَ بَرَامِجَهَا فِي السَّاعَةِ السَّادِسَةِ وَ النِّصْفِ صَبَاحًا.

٤- بَلَغَ يَبْلُغُ بُلُوغًا (عمر کو) پہنچنا، بالغ ہونا، (کسی جگہ) پہنچنا لَمَّا بَلَغْتُ الْعَاشِرَةَ مِنْ عُمُرِي دَخَلْتُ الْمَدْرَسَةَ الْمُتَوَسِّطَةَ[9]. لَقَدْ بَلَغْتِ السَّادِسَةَ مِنْ عُمُرِكِ. لَمَّا يَبْلُغْ عُمُرُكَ ثَمَانِيَ

---

(١) تَقْدِيرٌ (کامیابی کا) درجہ ج تَقَادِيرُ (٢) مُمْتَازٌ. درجہ اول (٣) چاک (٤) اپنا خط ج رَسَائِلُ (٥) راستہ، سڑک ج طُرُقٌ (٦) مرمت (٧) عملاً (٨) بَرْنَامَجٌ ج بَرَامِجُ پروگرام (٩) مڈل سکول.

سَنوَاتٍ. بَلَغنَا المَحَطَّةَ قُبَيلَ مَوعِدِ القِطَارِ. سَأَبلُغُ المَطَارَ فِي السَّاعَةِ الحَادِيَةَ عَشْرَةَ. قَد بَلَغتَ الرُّشْدَ[1] يَا وَلَدِي، وَوَجَبَ عَلَيكَ الصِّيَامُ.

۵- اِجتَازَ يَجتَازُ اِجتِيَازًا (امتحان) پاس کرنا، (میں سے) گذرنا اِجتَازَ أَخِي اِمتِحَانَ الدِّرَاسَةِ الثَّانَوِيَّةِ[2] بِتَقدِيرِ مُمتَازٍ. لَو كُنتَ اِجتَهَدتَ لَاجتَزتَ الاِمتِحَانَ. أَرجُو أَن أَجتَازَ الاِمتِحَانَ بِنَجَاحٍ بَاهِرٍ إِن شَاءَ اللّٰهُ. لَمَّا دَخَلَتِ السَّيَّارَةُ مَدِينَةَ إِسلَام آبَاد اِجتَازَت شَوَارِعَهَا الجَمِيلَةَ وَأَحيَاءَهَا الفَسِيحَةَ.

٦- أَحَبَّ يُحِبُّ إِحبَابًا محبت کرنا يُحِبُّ كُلُّ بَاكِستَانِيٍّ وَطَنَهُ. هٰذَا وَلَدٌ مُهَذَّبٌ يُحِبُّهُ الجَمِيعُ. اَلمُعَلِّمُونَ يُحِبُّونَ التِّلمِيذَ المُجتَهِدَ. أُحِبُّ الفَوَاكِهَ الطَّازَجَةَ. نُحِبُّ اللُّغَةَ العَرَبِيَّةَ وَنَتَعَلَّمُهَا بِشَوقٍ.

۷- اِحتَرَمَ يَحتَرِمُ اِحتِرَامًا احترام کرنا أَحتَرِمُ مُعَلِّمِي وَوَالِدَتِي وَوَالِدِي. مَن يَحتَرِمِ النَّاسَ يَحتَرِمُوهُ. يَجِبُ أَن تَحتَرِمَ المُسَافِرِينَ مَعَكَ. اِحتَرِمْ جِيرَانَكَ وَلَا تُضَايِقْهُم[3]. اِحتَرِمِي مُعَلِّمَتَكِ يَا خَولَةُ.

۸- حَفِظَ يَحفَظُ حِفظًا یاد کرنا، حفظ کرنا، تحفظ کرنا لَم أَحفَظِ الدَّرسَ اليَومَ. حَفِظتُ القُرآنَ الكَرِيمَ حِفظًا جَيِّدًا. أَيَّ دَرسٍ تَحفَظُ الآنَ؟ أَحفَظُ الدَّرسَ السَّابِقَ. أَيَّ سُورَةٍ تَحفَظُونَ اليَومَ؟ نَحفَظُ اليَومَ سُورَةَ يُوسُفَ. كَم قَصِيدَةً[4] حَفِظتُم؟ حَفِظنَا أَربَعَ قَصَائِدَ. رِجَالُ الشُّرطَةِ يَحفَظُونَ الأَمنَ وَالنِّظَامَ. هٰذَا الشُّرطِيُّ يَحفَظُ نِظَامَ المُرُورِ[5].

---

(۱) بلوغت (۲) ثانوی تعلیم، ہائی سکول (۳) انہیں تنگ نہ کرو (٤) نظم جمع قَصَائِدُ (۵) ٹریفک کا نظام۔

۹۔ دَخَلَ یَدْخُلُ دُخُوْلًا میں داخل ہونا لِمَاذَا لَمْ تَدْخُلِ الْفَصْلَ یَا یَاسِرُ؟ لَمْ یَرِنَّ الْجَرَسُ حَتَّی الْآنَ۔ اُدْخُلُوا الْفَصْلَ بِهُدُوْءٍ۔ یَدْخُلُ الطُّلَّابُ فُصُوْلَهُمْ بِهُدُوْءٍ وَ نِظَامٍ۔ لَمَّا بَلَغْتُ السَّنَةَ الْخَامِسَةَ دَخَلْتُ مَدْرَسَةَ تَحْفِیْظِ الْقُرْآنِ۔ وَ لَمَّا بَلَغْتُ السَّنَةَ الْحَادِیَةَ عَشْرَةَ دَخَلْتُ الْمَدْرَسَةَ الْمُتَوَسِّطَةَ۔ لَا تَدْخُلْ الْکُلِّیَّةَ سَیَّارَةُ اُجْرَةٍ۔

۱۰۔ دَرَسَ یَدْرُسُ دَرْسًا وَ دِرَاسَةً پڑھنا، کسی علم یا مضمون کی تعلیم پانا اَیْنَ دَرَسْتَ اللُّغَةَ الْعَرَبِیَّةَ؟ دَرَسْتُهَا فِیْ کُلِّیَّةِ اللُّغَةِ الْعَرَبِیَّةِ۔ مَاذَا دَرَسْتُمْ فِی الْحِصَّةِ الْأُوْلٰی؟ دَرَسْنَا فِی الْحِصَّةِ الْأُوْلَی الْعَقِیْدَةَ الْإِسْلَامِیَّةَ۔ سَنَدْرُسُ فِیْ هٰذِهِ الْحِصَّةِ قَوَاعِدَ اللُّغَةِ الْعَرَبِیَّةِ۔ مَاذَا نَدْرُسُ الْآنَ؟ سَنَدْرُسُ الْآنَ الْکِیْمِیَاءَ[1]۔ مَاهِیَ الْمَوَادُّ الَّتِیْ تَدْرُسُوْنَهَا هٰذَا الْعَامَ؟ نَدْرُسُ الْقُرْآنَ الْکَرِیْمَ وَ الْحَدِیْثَ وَ اللُّغَةَ الْعَرَبِیَّةَ وَ قَوَاعِدَهَا وَ الرِّیَاضِیَّاتِ وَ الْعُلُوْمَ الْعَامَّةَ وَ التَّارِیْخَ الْإِسْلَامِیَّ۔

۱۱۔ اَدْرَكَ یُدْرِكُ اِدْرَاكًا (گاڑی وغیرہ) کو پالیا، پکڑنا اَسْرِعْ کَیْ نُدْرِكَ الْقِطَارَ۔ اُرِیْدُ اَنْ اُدْرِكَ الْقِطَارَ الْأَوَّلَ مِنْ کَرَاتْشِیْ۔ اِرْکَبْ سَیَّارَةَ اُجْرَةٍ حَتّٰی تُدْرِكَ الطَّائِرَةَ۔ تَعَطَّلَتْ سَیَّارَتُنَا فِی الطَّرِیْقِ وَ لَمْ نَسْتَطِعْ اَنْ نُدْرِكَ الرِّحْلَةَ[2]۔ حَاوِلْ اَنْ تُدْرِكَ الْحَافِلَةَ الْأُوْلَی الذَّاهِبَةَ إِلٰی مُلْتَانَ۔

تمرین ۱۸

اِسْتَعْمِلْ کُلًّا مِنَ الْأَفْعَالِ الْآتِیَةِ فِیْ جُمْلَتَیْنِ:

أَخَذَ، أَدّٰی، بَدَأَ، بَلَغَ، اِجْتَازَ، اَحَبَّ، اِحْتَرَمَ، حَفِظَ، دَخَلَ، دَرَسَ، اَدْرَكَ

---

(۱) کیمسٹری، کیمیا (۲) رِحْلَةٌ فلائٹ جمع رِحْلَات

تمــرین ۱۹

تَرجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

میں نے پہلا انعام لیا۔ میں نے ریسیور پکڑا اور ٹیلیفون سنا۔ ہم نے نمازِ ظہر مسجد میں ادا کی۔ میں اپنا فرض ادا کر رہا ہوں۔ آپ کب کام شروع کریں گے؟ میں ان شاء اللہ کل کام شروع کر دوں گا۔ میں پانچ سال کا ہو گیا ہوں۔ ہم دس بجے ہوائی اڈے پر پہنچ گئے تھے۔ میں امتحان پاس کر لوں گا۔ میں نے ۱۹۸۰ء میں ثانوی تعلیم کا امتحان پاس کیا تھا۔ معلم محنتی طلبہ سے محبت کرتا ہے۔ میں دودھ پسند کرتا ہوں اور چائے کو پسند نہیں کرتا۔ بڑوں کا احترام کرو۔ جو لوگوں کا احترام کرے گا وہ اس کا احترام کریں گے۔ تو نے کیوں سبق یاد نہیں کیا؟ میں نے آخری دس[1] سورتیں یاد کر لی ہیں۔ طالبات سکون اور نظام کے ساتھ اپنی جماعتوں میں داخل ہوتی ہیں۔ مسجد میں ادب کے ساتھ داخل ہو۔ میں نے عربی زبان پاکستان میں پڑھی تھی۔ اس پیریڈ میں ہم کیا پڑھیں گے؟ آج ہم ریاضی پڑھیں گے۔ میں کراچی جانے والی پہلی ریل گاڑی پا لوں گا۔ اس نے شہر کو جانے والی پہلی بس پکڑ لی۔

---

(۱) اَلسُّوَرُ الْعَشْرُ الْأَخِيرَةُ.

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ

(٢) أَفْعَالٌ مُتَعَدِّيَةٌ إِلَى مَفْعُولٍ وَاحِدٍ

١٢- رَتَّبَ يُرَتِّبُ تَرْتِيبًا ترتیب دینا، مرتب کرنا يَا خَوْلَةُ، رَتِّبِي حُجْرَةَ الْجُلُوسِ بِسُرْعَةٍ. اُنْظُرْ إِلَى التَّاجِرِ كَيْفَ رَتَّبَ السِّلَعَ(١) التِّجَارِيَّةَ فِي دُكَّانِهِ بِعِنَايَةٍ. يَجِبُ عَلَى كُلٍّ مِّنْكُمْ أَنْ يُرَتِّبَ كُتُبَهُ وَدَفَاتِرَهُ وَمَتَاعَهُ بِعِنَايَةٍ. رُتِّبَتِ الْكُتُبُ فَوْقَ الرُّفُوفِ(٢) بِعِنَايَةٍ وَبِحَسَبِ(٣) الْمَوَاضِيعِ(٤). أَيْنَ الْأُمُّ؟ هِيَ تُرَتِّبُ الْبَيْتَ.

١٣- رَاجَعَ يُرَاجِعُ مُرَاجَعَةً (سبق وغیرہ) دہرانا، یاد کرنا، (ڈاکٹر وغیرہ سے) مشورہ کرنا، رجوع کرنا مَاذَا تَعْمَلُ الْآنَ؟ أُرَاجِعُ الدُّرُوسَ السَّابِقَةَ. سَنُرَاجِعُ الدُّرُوسَ السَّابِقَةَ كُلَّهَا خِلَالَ يَوْمَيْنِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. أَيْنَ عَمْرٌو وَفَاطِمَةُ؟ عَمْرٌو يُرَاجِعُ دُرُوسَهُ وَفَاطِمَةُ تَكْتُبُ وَاجِبَهَا. مَتَى تُرَاجِعُونَ دُرُوسَكُمْ؟ نُرَاجِعُ الدُّرُوسَ مَسَاءً. رَاجِعْ طَبِيبَ الْأَطْفَالِ فِي الْمُسْتَشْفَى(٥) الْعَامِّ.

١٤- رَكِبَ يَرْكَبُ رُكُوبًا پر سوار ہونا رَكِبْتُ الْقِطَارَ الْيَوْمَ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ. رَكِبْتُ سَيَّارَةَ أُجْرَةٍ(٦) لِكَيْ أُدْرِكَ الطَّائِرَةَ. كَيْفَ وَصَلْتَ الْيَوْمَ مُبَكِّرًا(٧)؟ رَكِبْتُ قِطَارَ الصَّبَاحِ. بَعْضُ الطُّلَّابِ يَرْكَبُونَ السَّيَّارَاتِ وَآخَرُونَ يَرْكَبُونَ الدَّرَّاجَاتِ وَالْمُدَرِّسُ يَرْكَبُ دَرَّاجَةً نَارِيَّةً(٨). اِرْكَبِ الدَّرَّاجَةَ خَلْفِي وَلَا تَمْشِ. تَعَالَ يَا خَالِدُ اِرْكَبْ مَعَنَا الْعَجَلَةَ(٩).

---

(١) سامان، مال، مفرد سِلْعَةٌ (٢) رَفٌّ خانہ، ریک جمع رُفُوفٌ (٣) کے مطابق (٤) مضامین، مفرد مَوْضُوعٌ (٥) جنرل ہسپتال (٦) ٹیکسی جمع سَيَّارَاتُ الْأُجْرَةِ (٧) سویرے (وقت سے) پہلے (٨) دَرَّاجَةٌ نَارِيَّةٌ ج دَرَّاجَاتٌ نَارِيَّةٌ موٹر سائیکل (٩) عَجَلَةٌ چھکڑا۔

۱۵- زَارَ يَزُوْرُ زِيَارَةً سے ملاقات کو آنا، زیارت کرنا، دیکھنے جانا أُرِيْدُ اَنْ اَزُوْرَكَ الْيَوْمَ. زُرْنِي غَدًا، فَاِنِّي مَشْغُوْلٌ الْيَوْمَ. سَاَزُوْرُكَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. اَ زُرْتَ مَعْرِضَ الْكُتُبِ؟ لَا، مَا زُرْتُهُ بَعْدُ. سَاَزُوْرُهُ بَعْدَ غَدٍ مَعَ وَالِدِي. اَنَا اَزُوْرُكَ وَاَنْتَ لَا تَزُوْرُنِي. زُرْنَا مُدَرِّسَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ الْيَوْمَ.

۱۶- سَاعَدَ يُسَاعِدُ مُسَاعَدَةً کسی کی مدد کرنا سَاعِدِيْنِي يَا اُمِّي. مِنْ فَضْلِكَ سَاعِدْنِي قَلِيْلًا. يَجِبُ اَنْ نُسَاعِدَ الْمُحْتَاجِيْنَ مِمَّا آتَانَا اللّٰهُ. سَاعِدِي نَبِيْلَةَ، فَقَدْ فَاتَتْهَا[۱] دُرُوْسٌ كَثِيْرَةٌ. اُسَاعِدُ زَمِيْلِي. لَا بُدَّ اَنْ نُسَاعِدَ اَخَاكَ.

۱۷- شَكَرَ يَشْكُرُ شُكْرًا فُلَانًا کسی کا شکریہ ادا کرنا اَشْكُرُكَ يَا صَدِيْقِي فَقَدْ سَاعَدْتَنِي كَثِيْرًا. شَكَرَ الْوَالِدُ الْمُعَلِّمَ. اُشْكُرْ مَنْ سَاعَدَكَ. اَشْكُرُكُمْ شُكْرًا جَزِيْلًا. وَ فِي النِّهَايَةِ شَكَرَ مُدِيْرُ الْجَامِعَةِ الْحَاضِرِيْنَ.

۱۸- شَاهَدَ يُشَاهِدُ مُشَاهَدَةً کسی شخص یا چیز کا مشاہدہ کرنا، دیکھنا شَاهَدْتُ الْمُبَارَاةَ الرِّيَاضِيَّةَ. خَرَجْتُ بَاكِرًا فَلَمْ اُشَاهِدْ اَحَدًا فِي الطَّرِيْقِ. اَيْنَ الْاَوْلَادُ؟ هُمْ يُشَاهِدُوْنَ بَرَامِجَ التِّلْفَازِ[۲]. يُشَاهِدُ السُّيَّاحُ[۳] مَسْجِدَ الْفَيْصَلِ. زُرْنَا لَاهُوْرَ وَ شَاهَدْنَا آثَارَهَا. وَقَفَ خَالِدٌ يُشَاهِدُ طَرِيْقَةَ تَرْكِيْبِ السَّاعَةِ.

۱۹- اَصْلَحَ يُصْلِحُ اِصْلَاحًا الشَّيْءَ کسی چیز کی اصلاح کرنا، مرمت کرنا يُصْلِحُ اَخِي دَرَّاجَتَهُ. مِنْ فَضْلِكَ اَصْلِحْ سَيَّارَتَنَا. سَاُصْلِحُهَا الْآنَ. مَنْ يُصْلِحُ دَرَّاجَتِي؟ سَيُصْلِحُهَا عَمُّكَ اِبْرَاهِيْمُ. اِنَّهُ يُصْلِحُ اَسْلَاكَ الْكَهْرَبَاءِ وَالسَّيَّارَاتِ وَ الدَّرَّاجَاتِ. وَ سَيَأْتِي الْيَوْمَ لِاِصْلَاحِ جَرَسِنَا. اَصْلَحَ سَاعَتِي مَجَّانًا.

۲۰- صَنَعَ يَصْنَعُ صُنْعًا الشَّيْءَ کسی چیز کو بنانا، تیار کرنا مَنْ يَصْنَعُ الْفَطُوْرَ[۴] الْيَوْمَ؟ اَنَا يَا اُمِّي. اَتَعْرِفُ كَيْفَ تَصْنَعُ الطَّيَّارَةَ؟ اِصْنَعْ لِي

---

(۱) اس سے رہ گئے، چھوٹ گئے ہیں (۲) ٹیلیویژن (۳) سیاح سَائِحٌ ج سُيَّاحٌ (۴) ناشتہ۔

فِنجَانًا مِنَ الشَّايِ! اَلصَّائِغُ يَصنَعُ المُجَوهَرَاتِ[1]. مَن صَنَعَت هٰذِهِ الدُّمْيَةَ[2]؟ عَائِشَةُ صَنَعَتهَا. مَن صَنَعَ هٰذَا الطَّعَامَ اللَّذِيذَ؟ اَنَا صَنَعتُهُ يَا اُمِّي. اَحسَنتِ يَا بِنتِي!

۲۱- اَضَاعَ يُضِيعُ اِضَاعَةً الشَّيْءَ کھونا، کھو دینا، گم کرنا، ضائع کرنا اَيْنَ سَاعَتُكِ يَا خَدِيجَةُ؟ اَضَعتُهَا اليَومَ. اَيْنَ اَضَعتِهَا؟ ضَاعَت فِي البَيتِ. اَضَعتُ اليَومَ وَرَقَةَ[3] مِائَةِ رُوبِيَةٍ. عَمَّ[4] تَبحَثُ يَا فَرِيدُ؟ اَضَعتُ نَظَّارَتِي[5]. لَا تُضِع اَوقَاتَكَ فِي اللَّهوِ وَ اللَّعِبِ. لَا يُضِيعُ العَاقِلُ وَقتَهُ سُدًى.

۲۲- عَرَفَ يَعرِفُ مَعرِفَةً الشَّيْءَ اَو الفُلَانَ کو جاننا، پہچاننا اَتَعرِفُ الشَّيخَ عُثمَانَ؟ نَعَم اَعرِفُهُ مُنذُ ثَلَاثِ سَنَوَاتٍ. اَتَعرِفُ رَقمَ هَاتِفِ الصَّيدَلِيَّةِ[6]؟ لَا، مَا اَعرِفُهُ. اَتَعرِفُونَ الاُستَاذَ عَبدَ الرَّحِيمِ؟ نَعَم نَعرِفُهُ مُنذُ سَبعِ سَنَوَاتٍ. اَنَا اَعرِفُ الطَّرِيقَ اِلَى مَوقِفِ الحَافِلَاتِ جَيِّدًا.

۲۳- تَعَلَّمَ يَتَعَلَّمُ تَعَلُّمًا الشَّيْءَ سیکھنا لِمَاذَا تَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ العَرَبِيَّةَ؟ اَتَعَلَّمُهَا لِاَفهَمَ القُرآنَ وَ الحَدِيثَ وَ اَعرِفَ اَحكَامَ الاِسلَامِ. اَيْنَ تَعَلَّمتَ القُرآنَ الكَرِيمَ؟ تَعَلَّمتُهُ فِي مَدرَسَةِ تَحفِيظِ القُرآنِ. هَل تَعَلَّمتَ قِيَادَةَ[7] السَّيَّارَةِ؟ نَعَم تَعَلَّمتُهَا قَبلَ سَنَةٍ. اَيْنَ تَعَلَّمتَهَا؟ عَلَّمَنِيهَا اَخِي الاَكبَرُ.

۲۴- فَاتَ يَفُوتُ فَوتًا وَ فَوَاتًا الاَمرُ فُلَانًا کسی چیز کا ہاتھ نہ آنا، چھوٹ جانا، بس وغیرہ کا نہ پکڑ سکنا، موقع گنوانا تَاَخَّرتُ اليَومَ وَ فَاتَنِي دَرسَانِ. اَفَاتَكَ القِطَارُ؟ نَعَم يَا اَخِي فَاتَنِي القِطَارُ الاَوَّلُ. حَاوِل[8] اَن تُدرِكَ القِطَارَ الثَّانِيَ. اَسرِعُوا كَيلَا تَفُوتَنَا الطَّائِرَةُ. هَل تُسَاعِدُنِي يَا اَخِي؟ فَقَد فَاتَنِي

---

(۱) زیورات (۲) گڑیا، ج دُمًى (۳) نوٹ جمع اَوْرَاقٌ (۴) کس چیز کی (۵) اپنا چشمہ (۶) ڈسپنسری جمع صَیدَلِیَّاتٌ (۷) ڈرائیونگ (۸) کوشش کر حَاوَلَ یُحَاوِلُ مُحَاوَلَةً

دُرُوسٌ كَثِيرَةٌ. حَاوِلْ اَنْ لَا تَفُوتَكَ هٰذِهِ الْفُرْصَةُ. لِمَاذَا فَاتَتْكَ حَافِلَةُ الْجَامِعَةِ الْيَوْمَ؟ تَأَخَّرَتْ عَنْ مَوْعِدِهَا.

٢٥. تَكَلَّمَ يَتَكَلَّمُ تَكَلُّمًا لُغَةً بولنا أَ تَتَكَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ؟ نَعَمْ اَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ بِسُهُولَةٍ(١). اُنْظُرْ كَيْفَ يَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ بِطَلَاقَةٍ. كَمْ لُغَةً تَتَكَلَّمُ؟ اَتَكَلَّمُ ثَلَاثَ لُغَاتٍ: اَلْعَرَبِيَّةَ وَالْإِنْجِلِيزِيَّةَ وَالْأُرْدِيَّةَ.

٢٦. اِنْتَظَرَ يَنْتَظِرُ اِنْتِظَارًا فُلَانًا اَوْشَيْئًا کا انتظار کرنا مَاذَا تَنْتَظِرُونَ هُنَا؟ نَنْتَظِرُ سَيَّارَةَ أُجْرَةٍ. اِنْتَظِرْ دَوْرَكَ. مَنْ تَنْتَظِرِينَ هُنَا؟ اَنْتَظِرُ حَافِلَةَ الْجَامِعَةِ. اِنْتَظِرْنِي قَلِيلًا. اِنْتَظِرُونِي فِي الْمَحَطَّةِ. سَنَنْتَظِرُكَ حَتَّى السَّاعَةِ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ(٢). هُمْ يَنْتَظِرُونَكُمْ مُنْذُ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ.

٢٧. اَوْقَفَ يُوقِفُ إِيقَافًا الشَّيْءَ روکنا، بند کرنا، کھڑا کرنا لَا تُوقِفْ سَيَّارَتَكَ هُنَا. اَوْقِفْهَا هُنَاكَ فِي الْمَوْقِفِ. لِمَاذَا اَوْقَفْتَ الشَّاحِنَةَ فِي الطَّرِيقِ؟ وَاَوْقَفْتَ حَرَكَةَ الْمُرُورِ؟ لَا يَا سَيِّدِي مَا اَوْقَفْتُهَا لٰكِنَّهَا تَعَطَّلَتْ فَجْأَةً، وَتَوَقَّفَتْ. لِمَاذَا اَوْقَفْتُمُ الْعَمَلَ فِي الْمَصْنَعِ؟ اِنْقَطَعَتِ الْكَهْرَبَاءُ، فَتَوَقَّفَ الْعَمَلُ. حَاوِلْ أَنْ تُوقِفَ اَيَّ سَيَّارَةٍ ذَاهِبَةٍ إِلَى بَهَاوَلْبُور. اَوْقَفَ الْمُدَرِّسُ الطُّلَّابَ الَّذِينَ لَمْ يَعْمَلُوا وَاجِبَاتِهِمُ الْيَوْمَ.

تمرين ٢٠

اِسْتَعْمِلْ كُلًّا مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُتَعَدِّيَةِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:

رَتَّبَ، رَاجَعَ، رَكِبَ، زَارَ، سَاعَدَ، شَكَرَ، شَاهَدَ، اَصْلَحَ، صَنَعَ اَضَاعَ، عَرَفَ، تَعَلَّمَ، فَاتَ، تَكَلَّمَ، اِنْتَظَرَ، اَوْقَفَ.

---

(١) روانی سے۔ (٢) بارہ بجے

تمرین ۲۱

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

امی گھر کو ترتیب لگا رہی ہے۔ میں ہر روز اپنی کتابوں اور کاپیوں کو ترتیب دیتا ہوں۔ آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟ ہم پچھلے اسباق دہرا رہے ہیں۔ میں وقتاً فوقتاً ڈاکٹر سے مشورہ کرتا رہتا ہوں۔ خالد کار پر سوار ہوتا ہے اور عثمان موٹر سائیکل پر سوار ہوتا ہے اور میں بائیسیکل پر سوار ہوتا ہوں۔ آج ہم نئے ناظم(۱) کی ملاقات کو جائیں گے۔ میں عصر کے بعد آپ سے ملنے آؤں گا۔ آج ہم صنعتی(۲) نمائش دیکھنے جائیں گے۔ میرے کئی سبق رہ گئے ہیں، کیا آپ میری مدد کریں گے؟ میں ان شاء اللہ آپ کی مدد ضرور کروں گی۔ خالد اپنے بہن بھائیوں کی مدد کرتا ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آخر میں ہمارے معلم نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ خالد اور اکرم کہاں ہیں؟ وہ دوسرے کمرے میں ٹیلیویژن کا پروگرام دیکھ رہے ہیں۔ سیاحوں نے لاہور کے آثارِ(۳) قدیمہ دیکھے۔ میری سائیکل کی مرمت کون کرے گا؟ میں کل اسے مرمت کر دوں گا۔ آج ناشتہ کون تیار کرے گا؟ امی! آج ناشتہ میں تیار کروں گا۔ ابو! آپ کیا تلاش کر رہے ہیں؟ بیٹا میں نے اپنی گھڑی کھو دی ہے۔ ندیم اپنا وقت کھیل تماشے میں ضائع مت کرو۔ کیا آپ سول(۴) ہسپتال کے ٹیلیفون کا نمبر جانتے ہیں؟ ہاں میں جانتا ہوں۔ میں شہر کا راستہ خوب جانتا ہوں۔ میں عربی زبان شوق سے سیکھتا ہوں۔ آج ہم سے کمپنی(۵) کی بس چھوٹ گئی کیونکہ ہم لیٹ ہو گئے تھے۔ ماشاء اللہ آپ روانی سے عربی بولتے ہیں۔ آپ کتنی زبانیں بول لیتے ہیں؟ میں تین زبانیں بول لیتا ہوں۔ خالدہ! اپنی باری کا انتظار کرو۔ ہم کسی ٹیکسی کا انتظار کر رہے ہیں۔ اس بس کو روکو! وہ بہاولپور جا رہی ہے۔ استاد نے آج ان پانچ(۶) طلبہ کو کھڑا کر دیا جنہوں نے اپنا کام نہیں کیا تھا۔

---

(۱) اَلْمُدِيْرُ الْجَدِيْدُ (۲) اَلْمَعْرِضُ الصِّنَاعِيُّ (۳) آثَار (۴) اَلْمُسْتَشْفَى الْمَدَنِيُّ (۵) حَافِلَةُ الشَّرِكَةِ (۶) اَلطُّلَّابَ الْخَمْسَةَ.

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

أَفْعَالٌ مُتَعَدِّيَةٌ إِلٰى مَفْعُولَيْنِ

۱۔ بَلَّغَ يُبَلِّغُ تَبْلِيغًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز (یا پیغام وغیرہ) پہنچانا مَنْ بَلَّغَكُمْ هٰذَا الْخَبَرَ؟ لَنَا جَارٌ يَعْمَلُ فِي مَكْتَبِ الصَّحِيفَةِ[1] الْيَوْمِيَّةِ وَهُوَ الَّذِي بَلَّغَنَا هٰذَا الْخَبَرَ صَبَاحَ الْيَوْمِ. هَلْ تُبَلِّغُنِي الْمَعْلُومَاتِ عَنْ بَرَامِجِ الدِّرَاسَةِ فِي هٰذِهِ الْجَامِعَةِ؟ نَعَمْ، سَأَكْتُبُهَا كَامِلَةً فِي رِسَالَةٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. مَاذَا تَقْرَئِينَ يَا عَائِشَةُ؟ هٰذِهِ رِسَالَةٌ مِنْ أُمِّي. إِنَّهَا تُسَلِّمُ عَلَيْكُمْ. شُكْرًا، إِذَا كَتَبْتِ إِلَيْهَا فَبَلِّغِيهَا سَلَامِي.

۲۔ دَرَّسَ يُدَرِّسُ تَدْرِيسًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز (مضمون، کتاب، علم وغیرہ) پڑھانا مَنْ يُدَرِّسُكُمْ صَحِيحَ الْبُخَارِيِّ؟ اَلشَّيْخُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يُدَرِّسُنَا صَحِيحَ الْبُخَارِيِّ. وَهٰذَا أُسْتَاذُنَا خَلِيلُ اللّٰهِ الَّذِي يُدَرِّسُنَا قَوَاعِدَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

مَنْ يُدَرِّسُكُمْ مَادَّةَ[2] الْإِنْشَاءِ؟ اَلْأُسْتَاذُ عَبْدُ الْخَالِقِ يُدَرِّسُنَا مَادَّةَ الْإِنْشَاءِ، وَكَذٰلِكَ مَادَّةَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

۳۔ أَرٰى يُرِي إِرَاءَةً فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز دکھانا أَرِنِي دَرَّاجَتَكَ الْجَدِيدَةَ هٰذِهِ يَا خَالِدُ. تَعَالَ مَعِيَ إِلٰى بَيْتِنَا، أُرِيكَ كِتَابًا مُفِيدًا جِدًّا. أَرِينِي سَاعَتَكِ يَا خَوْلَةُ. أَرِنِي جَوَازَ سَفَرِكَ يَا نَاصِرُ. أَرَانَا الْوَالِدُ الْيَوْمَ كِتَابًا جَدِيدًا فِي الْعُلُومِ. أَرِينِي هٰذِهِ الْبِطَاقَةَ[3] الْجَمِيلَةَ، لِمَنْ هِيَ؟ هٰذِهِ بِطَاقَةُ هُوِيَّةِ[4] خَالِدٍ.

---

(۱) اَلصَّحِيفَةُ اخبار ج صُحُفٌ (۲) مَادَّةٌ مضمون ج مَوَادُّ (۳) کارڈ ج بِطَاقَاتٌ (۴) هُوِيَّةٌ شناخت بِطَاقَةُ الْهُوِيَّةِ شناختی کارڈ۔ اسے اَلْبِطَاقَةُ الشَّخْصِيَّةُ بھی کہتے ہیں۔

٤- رَزَقَ يَرْزُقُ رِزْقًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز عطا کرنا، دینا یَرْزُقُ اللّٰهُ النَّاسَ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ وَكُلَّ مَا يَحْتَاجُونَ إِلَيْهِ. دَعَا إِبْرَاهِيمُ اللّٰهَ أَنْ يَرْزُقَهُ وَلَدًا صَالِحًا، فَاسْتَجَابَ لَهُ وَرَزَقَهُ إِسْمَاعِيلَ. رَزَقَ اللّٰهُ حَامِدًا وَزَوْجَتَهُ طِفْلَةً جَمِيلَةً. أَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يَرْزُقَنَا التَّوْفِيقَ وَالنَّجَاحَ.

٥- سَأَلَ يَسْأَلُ سُؤَالًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی سے کوئی چیز مانگنا، پوچھنا مَرَّ الْمُفَتِّشُ عَلَى الْفُصُولِ وَسَأَلَ الطُّلَّابَ أَسْئِلَةً. لَعَلَّكِ تَسْأَلِينَنِي هٰذَا السُّؤَالَ ثَالِثَ مَرَّةٍ؟ يَسْأَلُ الْفَقِيرُ النَّاسَ صَدَقَةً، فَيُعْطِيهِ بَعْضُهُمْ شَيْئًا وَلَا يُعْطِيهِ الْآخَرُونَ شَيْئًا. سَأَلَنِي خَالِدٌ قَلَمِي. مَاذَا سَأَلَتْكَ خَدِيجَةُ؟ سَأَلَتْنِي كِتَابَ الْقَوَاعِدِ وَمِرْسَمًا. أَسْأَلُ اللّٰهَ لَكُمُ التَّوْفِيقَ وَالنَّجَاحَ.

٦- أَعْطَى يُعْطِي إِعْطَاءً فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز دینا، عطا کرنا مَنْ أَعْطَاكَ هٰذِهِ السَّاعَةَ يَا مَرْوَانُ؟ أَعْطَانِيهَا أَبِي بَعْدَ النَّجَاحِ فِي الْامْتِحَانِ. هٰذَا الْفَقِيرُ سَأَلَ النَّاسَ صَدَقَةً فَلَمْ يُعْطِهِ أَحَدٌ مِنْهُمْ شَيْئًا. قَالَ الْمُدَرِّسُ: سَأُعْطِيكُمْ فُرْصَةً أُخْرَى. يَأْمُرُنَا الْإِسْلَامُ أَنْ نُعْطِيَ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ. سَنُعْطِي الْمُجْتَهِدِينَ جَوَائِزَ. أَعْطِنِي كِيلُو مِنَ السُّكَّرِ وَكِيلُوَيْنِ مِنَ الْأُرْزِ الْجَيِّدِ.

٧- عَلَّمَ يُعَلِّمُ تَعْلِيمًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کسی چیز کی تعلیم دینا، سکھانا مَنْ يُعَلِّمُكُمُ الْقُرْآنَ؟ اَلْمُقْرِئُ عَبْدُ الْحَنَّانِ يُعَلِّمُنَا الْقُرْآنَ وَمَادَّةَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ. عَلَّمَتْنِي أُمِّي الْقِرَاءَةَ وَالْكِتَابَةَ قَبْلَ دُخُولِ الْمَدْرَسَةِ. مَنْ عَلَّمَكِ الْخِيَاطَةَ⁽¹⁾ وَالتَّطْرِيزَ⁽²⁾؟ عَلَّمَتْنِيهَا أُمِّي. تُعَلِّمُ الْأُمُّ أَوْلَادَهَا النَّظَافَةَ وَالْمُحَافَظَةَ

---

(۱) سلائی (۲) کشیدہ کاری۔

عَلَى الصِّحَّةِ. أَتَعْرِفُ قِيَادَةَ[1] الدَّرَّاجَةِ النَّارِيَّةِ؟ نَعَمْ. أَعْرِفُهَا. مَنْ عَلَّمَكَهَا؟ عَلَّمَنِيهَا أَخِي الْأَكْبَرُ.

۸۔ عَوَّدَ يُعَوِّدُ تَعْوِيدًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کسی چیز کا عادی بنانا، کی عادت[،] ڈالنا
كَانَ الْوَالِدُ يُعَوِّدُنَا الْمُحَافَظَةَ عَلَى الصَّلَاةِ. عَوَّدَتْ خَوْلَةُ أَوْلَادَهَا احْتِرَامَ الْكِبَارِ وَالصِّدْقَ فِي الْقَوْلِ. اَلرِّيَاضَةُ[2] تُعَوِّدُنَا النَّشَاطَ وَالنِّظَامَ فِي الْعَمَلِ.

۹۔ مَنَحَ يَمْنَحُ مَنْحًا فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز دینا، عطا کرنا مَنَحَتِ الْكُلِّيَّةُ الطُّلَّابَ الْمُجْتَهِدِينَ جَوَائِزَ. مُنِحَ الْمُجْتَهِدُ جَائِزَةً[3] وَ كَأْسًا[4]. مَنَحَ عَمِيدُ الْكُلِّيَّةِ الطُّلَّابَ الْمُتَفَوِّقِينَ[5] فِي التَّعْلِيمِ جَوَائِزَ وَ شَهَادَاتِ[6] تَقْدِيرٍ[7]. سَتَمْنَحُ الْجَامِعَةُ الْيَوْمَ الطُّلَّابَ النَّاجِحِينَ شَهَادَاتٍ.

۱۰۔ نَاوَلَ يُنَاوِلُ مُنَاوَلَةً فُلَانًا الشَّيْءَ کسی کو کوئی چیز پکڑانا، لاکر دینا، لا دینا
نَاوِلْنِي سَمَّاعَةَ الْهَاتِفِ. مَنْ يُنَاوِلُنِي الْقَلَمَ؟ أَنَا، يَا أَخِي. نَاوِلِينِي تِلْكَ الْكَأْسَ يَا فَاطِمَةُ. نَاوِلِينِي ثِيَابَ الْمَدْرَسَةِ يَا أُمِّي. يَا خَالِدُ، نَاوِلْ أَبَاكَ الْجَرِيدَةَ.

تمرين ۲۲

اِسْتَعْمِلْ كُلًّا مِنَ الْأَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:

بَلَّغَ. دَرَّسَ، أَرَى، رَزَقَ، سَأَلَ. أَعْطَى، عَلَّمَ. عَوَّدَ، مَنَحَ، نَاوَلَ.

تمرين ۲۳

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

یہ معلومات آپ کو کس نے دی ہیں؟ میں آپ کو صحیح معلومات پہنچا دوں گا،

---

(۱) چلانا۔ ڈرائیونگ (۲) ورزش (۳) جَائِزَةٌ انعام ج جَوَائِزُ (۴) کپ ج كُؤُوسٌ (۵) نمایاں آنے والے (۶) شَهَادَةٌ سند ج شَهَادَاتٌ (۷) تعریف شَهَادَةُ تَقْدِيرٍ تعریفی سند۔

اِن شاء اللہ۔ اپنے والد کو میرا سلام پہنچا دو۔ آج میں آپ کو حدیث کا مضمون پڑھاؤں گا۔ پروفیسر خلیل الرحمٰن ہمیں کیمیا[1] اور طبیعیات[2] پڑھاتے تھے۔ یہاں آؤ، میں آپ کو ایک نئی چیز دکھاتا ہوں۔ ہم آج آپ کو تربیلا ڈیم[3] اور ٹیکسلا کے آثارِ[4] قدیمہ دکھائیں گے۔ والد صاحب آج ہمیں چڑیا گھر[5] دکھائیں گے۔ مَیں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ہمیں کامیابی عطا فرمائے۔ یہ سوال ہم اپنے استاد سے پوچھیں گے۔ خدیجہ نے مجھ سے میرا قلم مانگا تھا اور میں نے اسے یہ دے دیا تھا۔ میں آپ کو ایک اور موقع[6] دیتا ہوں۔ مجھے ایک کیلو چاول اور تین کیلو[7] شلغم[8] دے دو۔ آپ کو قرآن کس نے سکھایا تھا؟ ہمیں قاری عبدالجبار نے قرآن کریم سکھایا تھا۔ آپ کو ڈرائیونگ[9] کس نے سکھائی تھی؟ یہ مجھے میرے والد نے سکھائی تھی۔ عائشہ نے اپنے بچوں کو صفائی اور آداب کا عادی بنا دیا ہے۔ والد صاحب نے ہمیں نماز کی تعلیم دی اور اس کی پابندی کرنے کا عادی بنا دیا ہے۔ ہمارے ناظم صاحب آج کامیاب طلبہ کو اسناد دیں گے۔ مجھے وہ کتاب لا دینا۔ مجھے قلم کون لا دے گا؟

---

(۱) اَلْكِيمِيَاءُ (۲) اَلْفِيزِيَاءُ (۳) ڈیم سَدٌّ (٤) آثَارٌ (٥) حَدِيقَةُ الْحَيَوَانِ (٦) فُرْصَةٌ ج فُرَصٌ (٧) ثَلَاثُ كِيلُوَاتٍ (٨) اَللِّفْتُ (٩) اَلْقِيَادَةُ.

الدرس الحادی عشر

اَلْفِعْلُ الْمُتَعَدِّیْ بِحَرْفِ جَرٍّ

گذشتہ اسباق میں آپ فعل کی دونوں قسموں یعنی لازم اور متعدّی کا مفصل بیان اور کئی مشہور لازم اور متعدی افعال کے معانی اور استعمالات کا تعارف پڑھ چکے ہیں۔ یہاں ہم آپ کو فعلِ متعدّی کی ایک نئی قسم اَلْفِعْلُ الْمُتَعَدِّیْ بِحَرْفِ جَرٍّ سے متعارف کرانا چاہتے ہیں۔ اس قسم کے افعال عربی زبان میں نہایت کثرت سے مستعمل ہیں۔ اس لئے عربی ادب کے اساتذہ اور طلبہ کے لئے ان کا سمجھنا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے صحیح استعمالات سے آگاہ نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے ملک کے اساتذہ اور طلبہ عربی تحریر و تقریر میں طرح طرح کی غلطیاں کر جاتے ہیں۔

اَلْفِعْلُ الْمُتَعَدِّیْ بِحَرْفِ جَرٍّ ایسے فعل کو کہتے ہیں جو خود تو لازم ہونے کی وجہ سے مفعول تک بلا واسطہ متعدی نہیں ہوتا، بلکہ اس کا عمل مفعول تک پہنچانے کے لئے اس سے پہلے کوئی موزوں حرف جر استعمال ہوتا ہے، جس کی مدد اور توسّط سے وہ متعدی ہو جاتا ہے۔ ایسے افعال کی دو قسمیں ہیں:-

۱۔ اَلْأَفْعَالُ الْمُتَعَدِّیَةُ إِلٰی مَفْعُوْلِهَا بِحَرْفِ جَرٍّ (وہ افعال جو کسی حرفِ جر کے ذریعے سے مفعول تک متعدّی ہوتے ہیں)۔

یہ افعال لازم ہوتے ہیں اور انہیں مفعول تک متعدی بنانے کے لئے کسی موزوں حرفِ جر کو استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً:

مفعول	حرفِ جر	فاعل	فعل
اللّٰهِ (بندے نے اللہ کے حضور توبہ کی)۔	إِلَى	اَلْعَبْدُ	تَابَ
اَلْعَبْدِ (اللہ نے بندے کی توبہ قبول کی)۔	عَلَى	اللّٰهُ	تَابَ

۲۔ اَلْأَفْعَالُ الْمُتَعَدِّیَةُ إِلٰی مَفْعُوْلِهَا الثَّانِیْ بِحَرْفِ جَرٍّ (ایسے افعال جو کسی حرفِ جر کی مدد سے دوسرے مفعول تک متعدی ہوتے ہیں)

یہ افعال پہلے مفعول تک خود ہی (کسی حرفِ جر کی مدد کے بغیر) متعدی ہوتے ہیں تاہم انہیں دوسرے مفعول تک متعدی بنانے کے لئے اس سے پہلے کوئی موزوں حرفِ جر استعمال

کیا جاتا ہے۔ مثلاً:

فعل	فاعل	مفعول اول	حرفِ جر	مفعول ثانی	
يَأْمُرُ	الْإِسْلَامُ	الْمُسْلِمِيْنَ	بِ	الْعَدْلِ	اسلام مسلمانوں کو انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے۔
يَنْهٰى	الْإِسْلَامُ	الْمُسْلِمِيْنَ	عَنِ	الظُّلْمِ	اسلام مسلمانوں کو ظلم سے منع کرتا ہے

یہاں چند امور کو مدنظر رکھنا ضروری ہے:

۱۔ فعلِ متعدی بحرفِ جر کا عمل جس اسم تک متعدی ہوتا ہے وہ اگرچہ معنوی طور پر اس کا مفعول ہی ہوتا ہے لیکن وہ حقیقتاً اور لفظاً مفعول بہٖ نہیں ہوتا۔ اس لئے نحو کی کتابوں میں اسے اسم مجرور لکھا جاتا ہے۔ حرفِ جر اور اسم مجرور دونوں اپنے فعل سے متعلق ہوتے ہیں[1]۔

۲۔ حرفِ جر، فعل اور اس کے معنوی مفعول (اسم مجرور) کے درمیان رابطے اور پُل کا کام دیتا ہے۔ کیونکہ اس کی مدد اور توسط سے فعل کا عمل اس تک پہنچتا ہے۔ اس لئے اس حرفِ جر کو فعل کا صِلہ بھی کہا جاتا ہے۔ صِلہ کی جمع صِلَات ہے۔

۳۔ لازم افعال کو متعدی بنانے کے لئے حرفِ جر یا صِلَات کے استعمال میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ اس مقصد کے لئے کوئی ایک مخصوص حرف یا صلہ استعمال نہیں ہوتا۔ بلکہ اہلِ زبان کے محاورے کے مطابق ہر فعل کے لئے اس مخصوص حرف کو استعمال کرنا چاہیئے جو مطلوبہ مفہوم اور معنی ادا کرنے کے لئے موزوں ہو۔ آپ نے ابھی اوپر کی مثالوں میں دیکھا ہے کہ ایک ہی فعل تَابَ کے بعد اِلٰی اور عَلٰی کے استعمال سے اس کا معنی مختلف ہوگیا ہے۔ نیز يَأْمُرُ کا صِلہ بِ آیا ہے، جبکہ يَنْهٰى کا صِلہ عَنْ استعمال ہوا ہے۔ کبھی ایک فعل، حرفِ جر کے بغیر ہی متعدی ہوتا ہے تو ایک مفہوم دیتا ہے جبکہ اس

---

(۱) علمِ نحو میں افعالِ متعدیہ بحرفِ جر کے مفعول کو مفعول غیر صریح کہتے ہیں، جو لفظاً حرفِ جر کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے لیکن محلاً منصوب ہوتا ہے، کیونکہ وہ مفعول بہٖ غیر صریح ہوتا ہے۔

کے ساتھ صِلَہ آنے سے اس کا مفہوم یکسر بدل جاتا ہے، مثلاً:۔

سَأَلْتُ خَالِدًا قَلَمَهُ. میں نے خالد سے اس کا قلم مانگا.

سَأَلْتُ خَالِدًا عَنْ صِحَّتِهِ. میں نے خالد سے اس کی صحت کے بارے میں دریافت کیا.

اور کبھی صِلَہ کی تبدیلی سے فعل کا مفہوم بالکل اُلٹ جاتا ہے، مثلاً:

يَرْغَبُ أَحْمَدُ فِي مُوَاصَلَةِ الدِّرَاسَةِ. احمد تعلیم جاری رکھنے کا شوق رکھتا ہے.

يَرْغَبُ الْأَحْمَقُ عَنِ الدِّرَاسَةِ. بیوقوف تعلیم سے نفرت کرتا ہے.

مختلف افعال کے صِلات اور محاوروں سے آگاہی کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ ی درسی اور غیر درسی عربی کتابوں کا مطالعہ کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ کونسے عال لازم استعمال ہوتے ہیں اور کون سے متعدّی؟ نیز یہ کہ کس کس فعل کے ساتھ کون سا ہ استعمال ہوتا ہے؟ اور کونسا محاورہ کس مفہوم اور معنی کے لئے آتا ہے. اس طریقے ے آپ مسلسل مطالعے اور جستجو کی بدولت، افعال اور محاوروں کے صحیح استعمالات ے واقف ہو سکتے ہیں.

ہم آئندہ اسباق میں اس قسم کے مشہور افعال اور ان کے صِلات کے استعمالات درج رہے ہیں. آپ انہیں غور سے پڑھیں اور ذہن نشین کرنے کی کوشش کریں، اور انہیں روزمرہ کی گفتگو اور تحریر میں استعمال کرنے کی مشق کریں.

٤- ہمارے ہاں جملوں اور عبارتوں کے لفظی ترجمہ کرنے کے رُجحان کی وجہ سے بھی طلبہ صِلات کے استعمال میں عموماً غلطی کر جاتے ہیں. ایسی اغلاط کی چند مثالیں ملاحظہ کیجئے:

	غلط لفظی ترجمہ	صحیح ترجمہ
١- لوگوں پر ظلم مت کر.	لَا تَظْلِمُوا عَلَى النَّاسِ.	لَا تَظْلِمُوا النَّاسَ.
٢- اے اللہ ہم پر رحم کر.	اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَلَيْنَا.	اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا.
٣- میں نے اُستاذ سے پوچھا.	سَأَلْتُ مِنَ الْمُعَلِّمِ.	سَأَلْتُ الْمُعَلِّمَ.
٤- والد نے اپنے بیٹوں سے کہا.	قَالَ الْوَالِدُ مِنْ أَبْنَائِهِ.	قَالَ الْوَالِدُ لِأَبْنَائِهِ.
٥- وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتا ہے	يَلْعَبُ بِأَصْدِقَائِهِ.	يَلْعَبُ مَعَ أَصْدِقَائِهِ.

پہلی مثال میں فعل لا تظلموا اپنے مفعول تک متعدی ہوتا ہے، اس لئے اس کے

بعد حرف جرّ عَلیٰ لگانا غلط ہے۔ اسی طرح دوسری مثال میں فعل اِرْحَمْ بھی متعدی ہے، اِس لـ
اس کے بعد صِلَہ عَلیٰ لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی طرح تیسری مثال میں سَأَلْتُ بھی
متعدی ہے اور اس کے بعد مِنْ کا استعمال غلط ہے۔ چوتھی مثال میں قَالَ کا صِلَہ لِ
ہے، اس لئے اسے مِنْ سے متعدی بنانا غلط ہے۔ اسی طرح پانچویں مثال میں یَلْعَبُ
کا صِلَہ مَعَ ہے نہ کہ بِ، یَلْعَبُ کا صِلَہ بِ لگانے سے جملے کا یہ معنیٰ ہوگا " وہ اپنے
دوستوں کو دھوکہ دیتا ہے"۔

اِن چند مثالوں سے آپ لفظی ترجمے کی پابندی سے پیدا ہونے والی خرابیوں کا
اندازہ کر سکتے ہیں۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ عربی لکھتے یا بولتے وقت آپ صحیح عربی
استعمالات اور محاوروں کو ہی استعمال کریں۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ

(١) أَفْعَالٌ مُتَعَدِّيَةٌ إِلٰى مَفْعُولِهَا بِحَرْفِ جَرٍّ

١۔ أَثَّرَ يُؤَثِّرُ تَأْثِيرًا (فِي) میں اثر کرنا، پر اثر انداز ہونا أَثَّرَ كَلَامُ الْمُدِيرِ فِي نَفْسِي. هٰذَا وَلَدٌ لَا يُؤَثِّرُ فِيهِ عِقَابٌ[1] وَلَا تَوْبِيخٌ. هٰؤُلَاءِ النَّاسُ لَا يُؤَثِّرُ فِيهِمُ الْحِكْمَةُ وَلَا الْمَوْعِظَةُ الْحَسَنَةُ. قُلْ لَهُ قَوْلًا بَلِيغًا لَعَلَّهُ يُؤَثِّرُ فِيهِ، وَيُصْلِحُ حَالَهُ.

٢۔ تَأَخَّرَ يَتَأَخَّرُ تَأَخُّرًا (عَنْ) سے لیٹ ہونا، دیر ہونا تَأَخَّرْتُ الْيَوْمَ عَنِ الْمَدْرَسَةِ. تَأَخَّرَتِ الطَّائِرَةُ الْيَوْمَ عَنْ مَوْعِدِهَا ٢٠ دَقِيقَةً. وَالِدِي لَا يَتَأَخَّرُ عَنِ الْعَمَلِ.

٣۔ بَحَثَ يَبْحَثُ بَحْثًا (عَنْ) کی تلاش کرنا تَبْحَثُ فَاطِمَةُ عَنِ الدَّوَاةِ. اِبْحَثْ عَنِ الْقَلَمِ فِي الدُّرْجِ[2]. لَعَلَّهُ يَبْحَثُ عَنْ وَظِيفَةٍ أَفْضَلَ هٰذَا مَا كُنْتُ أَبْحَثُ عَنْهُ. أَنْتَ الشَّخْصُ الَّذِي كُنْتُ أَبْحَثُ عَنْهُ. مَاذَا تَبْحَثُ عَنْهُ؟

٤۔ بَعُدَ يَبْعُدُ بُعْدًا (عَنْ) سے دور ہونا، سے اجتناب کرنا تَبْعُدُ قَرْيَتُنَا عَنْ بِشَاوَرَ خَمْسَةً وَثَلَاثِينَ كِيلُومِتْرًا. تَبْعُدُ لَاهُورُ عَنْ كَرَاتْشِي ١٢٩٣ كِيلُومِتْرًا. يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تَبْعُدَ عَنِ الْعَادَاتِ الذَّمِيمَةِ. تَبْعُدُ مَزْرَعَتُنَا عَنِ الْمَدِينَةِ كِيلُومِتْرَيْنِ.

٥۔ اِبْتَعَدَ يَبْتَعِدُ اِبْتِعَادًا (عَنْ) سے دور ہونا، دور رہنا، پرہیز کرنا اِبْتَعِدْ عَنْ أَسْلَاكِ الْكَهْرَبَاءِ. اِبْتَعَدَ الْفَأْرُ عَنْ جُحْرِهِ قَلِيلًا. إِنْ تَبْتَعِدْ عَنِ الْأَشْرَارِ تَسْلَمْ مِنْ أَذَاهُمْ. يَجِبُ عَلَى الصَّائِمِ أَنْ يَبْتَعِدَ عَنْ كُلِّ مَا يُبْطِلُ الصِّيَامَ أَوْ يُفْسِدُهُ.

---

(١) کوئی سزا (٢) دراز (میز، ڈیسک وغیرہ کی)، جمع أَدْرَاجٌ

اِبْتَعِدْ عَنْ مَظَاهِرِ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ. أَبْتَعِدُ عَنِ الْمَظَاهِرِ الْكَاذِبَةِ وَالتَّقَالِيْدِ[1] الْغَرْبِيَّةِ.

٦۔ اِنْبَغٰی یَنْبَغِیْ اِنْبِغَاءً (لِ) کے لئے مناسب ہونا، کے شایانِ شان ہونا یَنْبَغِیْ لَکُمْ أَنْ تَجْتَهِدُوْا فِیْ دُرُوْسِکُمْ. لَا یَنْبَغِیْ لَكَ أَنْ تَتَأَخَّرَ عَنِ الْمَدْرَسَةِ. اس فعل کا عموماً صرف مضارع استعمال ہوتا ہے۔ ماضی مقصود ہو تو کَانَ یَنْبَغِیْ اور مَا کَانَ یَنْبَغِیْ کہا جاتا ہے۔ جیسے کَانَ یَنْبَغِیْ لَهَا أَنْ تُطِیْعَ مُعَلِّمَتَهَا. مَا کَانَ یَنْبَغِیْ لَهَا أَنْ تُخَالِفَ رَأْیَ الْمُدَرِّسَةِ. مَا یَنْبَغِیْ لِلْمُسْلِمِ أَنْ یَکْذِبَ. یَنْبَغِیْ لَکُمْ أَنْ تَحْتَرِمُوْا مُعَلِّمَکُمْ وَتُطِیْعُوْا أَوَامِرَهُ[2].

٧۔ تَابَ یَتُوْبُ تَوْبَةً (اِلَی اللّٰهِ) توبہ کرنا تَابَ آدَمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِلَی اللّٰهِ. یَتُوْبُ الْمُذْنِبُ اِلٰی رَبِّهٖ. یٰأَیُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلٰی رَبِّکُمْ.
تَابَ یَتُوْبُ تَوْبَةً (عَلٰی) توبہ قبول کرنا تَابَ اللّٰهُ عَلٰی آدَمَ وَعَفَا عَنْهُ. یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَتُبْ عَلَیْنَا.

٨۔ أَثْنٰی یُثْنِیْ ثَنَاءً (عَلٰی) کی تعریف کرنا أَثْنَی الْمُعَلِّمُ عَلَی الطَّالِبِ الْمُجْتَهِدِ وَعَاقَبَ الْمُهْمِلَ. أَثْنَی الْمُفَتِّشُ[3] عَلٰی نَظَافَةِ الْمَدْرَسَةِ وَنِظَامِهَا التَّعْلِیْمِیِّ وَالتَّرْبَوِیِّ. عُبَیْدُ الرَّحْمٰنِ رَجُلٌ صَالِحٌ یُثْنِی النَّاسُ عَلٰی أَمَانَتِهٖ وَکَرِیْمِ خُلُقِهٖ. یُثْنِی الْآبَاءُ عَلَی الْأَوْلَادِ الَّذِیْنَ یُطِیْعُوْنَهُمْ.

٩۔ جَلَسَ یَجْلِسُ جُلُوْسًا (عَلٰی اَوْ فِیْ) پر بیٹھنا اِجْلِسْ فِی الْمَکَانِ الْمُنَاسِبِ. أَجْلِسُ عَلٰی مَقْعَدٍ قَرِیْبٍ مِنَ السَّبُّوْرَةِ. لَمَّا دَخَلْتُ الْحَافِلَةَ لَمْ أَجِدْ فِیْهَا مَقْعَدًا خَالِیًا أَجْلِسُ عَلَیْهِ. لَقَدْ جَلَسَ الْمُعَلِّمُ عَلَی الْکُرْسِیِّ. اِجْلِسْ عَلٰی أَیِّ مَقْعَدٍ تَجِدُهٗ خَالِیًا.

---

(١) روایات، طور طریقے۔ مفرد تَقْلِیْدٌ (٢) اس کی ہدایات، مفرد أَمْرٌ (٣) انسپکٹر۔ جمع مُفَتِّشُوْنَ۔

۱۰۔ أَجَابَ يُجِيْبُ إِجَابَةً (عَنْ) کا جواب دینا هَلْ أَجَبْتَ الْيَوْمَ عَنِ الْأَسْئِلَةِ كُلِّهَا ؟ لَا، بَقِيَ سُؤَالٌ وَاحِدٌ لَمْ أَسْتَطِعْ أَنْ أُجِيْبَ عَنْهُ. أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ. أَجَبْتُ عَنِ الْأَسْئِلَةِ كُلِّهَا إِلَّا الْأَوَّلَ.

۱۱۔ إِجْتَهَدَ يَجْتَهِدُ إِجْتِهَادًا (فِيْ) میں محنت کرنا إِجْتَهِدُوْا فِيْ دُرُوْسِكُمْ تَنْجَحُوْا فِي الْإِمْتِحَانِ. خَطُّكَ رَدِيءٌ، إِجْتَهِدْ فِيْ تَحْسِيْنِهِ. مُنْذُ الْيَوْمَ سَأَجْتَهِدُ فِيْ عَمَلِيْ.

